22871-اللہ تعالی کے فرمان {ولہ المثل الاعلی} کا معنی

سوال

اللہ تعالی کا فرمان ہے:{ولہ المثل الاعلی فی السماوات والارض}.کیا المثل تشبیہ کے معنی میں ہے ؟

پسندیدہ جواب

والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وبعد :

{المثل الاعلی}.یا معنی ہر وجہ اور اعتبار سے وصف اعلی ہے ، وہ اللہ سبحانہ وتعالی ہر اعتبار سے صفات کمال سے موصوف ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کے ارشاد کا ترجمہ کچھ اس طرح ہے :

{اس کی مثل کوئی نہیں اور وہ سننے اور دیکھنے والا ہے}.الشوری (11)۔

اور اللہ تبارک وتعالی کا فرمان کچھ اس طرح ہے :

{آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہی ہے ، اللہ تعالی بے نیاز ہے ، نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ، اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے}.الاخلاص (1–4)۔

اور اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .